**بارڈر  پار فنڈز ٹرانسفر بینیفشری کے لئے شرائط و ضوابط**

**1**

**تعارف**

**1-1**

یہ شرائط و ضوابط (" شرائط ") اس شخص پر لا گو ہوتے ہیں جو رقم وصول کرے گا اس شخص کی طرف سے جو مائے زوئی فنانشل انکلوژن ٹینکنا لوجیز ایل ایل سی (مائے زوئی ) کی فراہم کردہ  کراس بارڈر فنڈز ٹرانسفر کی سہولت استعمال کرتے ہوئے رقم بھیجے گا۔ ان شرائط وضوابط کو قبول کرنے کے بعد ،آپ اس بات سے اتفاق کرتے ہیں کہ آپ یہاں پیش کی گئی شرائط کے پابند رہیں گے۔

**1-2**

جب آپ مائے زوئی موبائل ایپلیکیشن (موبائل ایپ ) کا استعمال شروع کریں گے تو کچھ اضافی شرائط و ضوابط کا اطلاق بھی ہوگا۔یہ اضافی شرائط متعلقہ مارکیٹ پلیس جیسا کہ گوگل ایپ اسٹور، ایمازون ایپ اسٹور ، ہووا وے ایپ گیلری ، ایپل ایپ اسٹور ،اور دیگر مارکیٹ پلیس (ایپلیکیشن مارکیٹ پلیس)جوہم استعمال کریں گے ان کی جانب سے لاگو ہوں گی۔ یہ اضافی شرائط ، بطور ایک حوالہ ان شرائط کا حصہ ہوں گی اور جب آپ موبائل ایپ ڈاون لوڈ کریں گے تو آپ کو دستیاب ہوں گی۔

**1-3**

ان شرائط میں ،"آپ" اور "آپ کا" سے مراد بینیفشری اور ہم ، ہمارا اور ہم سب سے مراد مائے زوئی ہے۔

**2**

**موبائل ایپ کے ذریعے رجسٹریشن اور بارڈرپار فنڈز ٹرانسفر کا طریقہ کار**

**2-1**

بارڈر پار فنڈز ٹرانسفر کی سروس کی فراہمی کی اجازت رقم بھیجنے والے کو مائے زوئی سے ملتی ہے تاکہ وہ آپ کو رقم بھیجے ان ہدایات کے ساتھ جو بھیجنے والے سے

وصول ہوئی ہیں ۔ رقم وصول کرنے اور موبائل ایپ استعمال کرنے کے لئے آپ کا 18 سال کا ہونا ضروری ہے۔

**2-2**

موبائل ایپ ایپلیکیشن مارکیٹ پر مفت دستیاب ہے، اور آپ کو صرف موبائل ایپ رجسٹر کرنے اور اکاونٹ (اکاونٹ) بنانے کی ضرورت ہے۔ یہ اکاونٹ ہماری ایپ کے استعمال کے لئے ایک پیلٹ فارم کی حیثیت سے کام کرے گا، اس کے ساتھ آپ کو بہت سی خصوصیات اورفوائد بھی حاصل ہوں گے۔ کسی بھی الجھن سے بچنے کے لئے ، رجسٹریشن کے عمل کو آگے بڑھانے کے ساتھ ،دراصل آپ ایک پروفائل بنارہے ہیں کوئی ڈیجیٹل فنانشل اکاونٹ کھولنے کے بجائے۔

**2-3**

رقم بھیجنے والا ضروری معلومات فراہم کرنے کے بعد بارڈر پار فنڈ ٹرانسفر کا آغاز کرے گا۔ بارڈر پار سے بھیجی گئی رقم کے حصول کے لئے ، بینفشری کے لئے لازمی ہے کہ وہ ہدایات کے لئے موبائل ایپ سے رجوع کرے اور مطلوبہ مراحل اور ضروری اقدام کے لئے راہ نمائی حاصل کرے۔

**2-4**

بینیفشری کو یہ بات ماننا ہوگی کہ بارڈر پار فنڈز ٹرانسفر میں عمل درآمد کا وقت، ان وجوہات کی بنا پر جیسا کہ بینک کے اوقات ، چھٹیاں ، اور بھیجنے والے کے منتخب کردہ طریقے کے تحت تبدیل ہوسکتا ہے۔

**2-5**

اگر بینیفشری بارڈر پار کے فنڈز تک رسائی حاصل نہ کرسکے اورموبائل ایپ پر واضح کئے گئے مخصوص وقت میں فنڈز نکلوانا اس کے لئے ممکن نہ ہو تو، مائے زوئی بارڈر پار کا فنڈ ٹرانسفر کینسل کردے گا ۔ کینسل کرنے کے بعد ، مائے زوئی مطلوبہ شرائط کو اپناتے ہوئے فنڈز بھیجنے والے کے اکاونٹ میں رقم واپس جمع کردے گا۔

**2-6**

مائے زوئی یہ حق محفوظ رکھتا ہے کہ قوانین ، ریگولیٹری اتھارٹی ، یا اندورنی پالیسز کے تحت کسی بھی فنڈ ٹرانسفر کر رد کردے یا اس میں تاخیر کردے۔

**3**

**تصدیق اور حفاظت کے ضوابط**

**3-1**

بارڈر پار کے فنڈ ٹرانسفر پر عمل کے لئے بینیفشری کے لئے لازم ہے کہ وہ مکمل اور درست معلومات فراہم کرے، بشمول شناختی معلومات اور دستاویزات ، تصاویر ، فنگر پرنٹس، یا دیگر معلومات جس کی ہمیں ، ہماری بارڈر پار فنڈ ٹرانسفر کے پارٹنر اور ریگیولیٹری اتھارٹی کو ضرورت ہے۔ آپ ہمیں واضح طور ان دستاویزات اور معلومات کے استعمال کی اجازت دیں گے ، اس کے ساتھ ساتھ ان کو محفوظ کرنے اور استعمال کرنے کی اجازت دیں گے ان تمام مراحل میں جو ان شرائط میں بیان کئے جاچکے ہیں اور مائے زوئی کا پرائیویسی نوٹس موبائل ایپ اور ویب سائٹ پر دستیاب ہے ، جس کی شرائط ان شرائط میں شامل کردی گئ ہیں ۔

**3-2**

اینٹی منی لانڈرنگ اور نویورکسٹمر قوانین کی تعمیل میں ہم بینیفشری کی شناخت کی تصدیق کا حق محفوظ رکھتے ہیں اور اضافی دستاویزات بھی مانگ سکتے ہیں۔ اگر پھر بھی شکوک باقی رہیں یا اگر ہم پالیسز اور ضروریات کے مطابق بینیفشری کی تصدیق کا عمل مکمل کرنے میں ناکام رہے ، تو ہم موبائل ایپ کے استعمال کی درخواست کو رد کرنے کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔

**3-3**

اپنے اکاونٹ اور پاس ورڈ کی حفاظت اور رازداری آپ کی اپنی ذمہ داری ہے۔ آپ اپنا اکاونٹ کسی سے شیئر ، تفویض یا کسی کو منتقل نہیں کریں گے، یا اپنا پاس ورڈ کسی تیسری پارٹی کو نہیں دیں گے، نہ کسی ایسے عمل کا حصہ بننیں گے جو آپ کی اکاونٹ کے تحفظ کو نقصان پہنچائے۔آپ کلی طور پر اپنے اکاونٹ کے استعمال کے تحت کئے گئے اقدامات اور اس کے سلسلے میں دی جانے ولای ہدایات کے ذمہ دار ہوں گے۔

برائے مہربانی یاد رکھیں کہ اکاونٹ کے قانونی یا غیر قانونی استعمال کے نتیجے میں ہمیں یا دیگر ایپ استعمال کرنے والے افراد کو کسی بھی نقصان کی صورت میں آپ جوابدہ ہوں گے، کیونکہ یہ صورتحال آپ کی جانب سے اکاونٹ کی معلومات کے تحفظ اور رازداری میں کوتاہی کی وجہ سے پیدا ہوئی۔

**3-4**

آپ یہ سمجھتے ہیں کہ ہم کسی بھی وقت بغیر کسی پیشگی نوٹس آپ کا اکاونٹ یا موبائل ایپ کا استعمال بند یا منسوخ کرسکتے ہیں ، اگر ہمارے علم میں آجائے کہ آپ کی جانب سے فراہم کردہ کوئی بھی معلومات / دستاویزات / اجازت جھوٹی ، غلط ، پرانی یا نامکمل ہے ، اور آپ کا اکاونٹ ہمارے رسک کے دائرے سے باہر جاچکا ہے یا آپ نے ان شرائط کی خلاف ورزی کی ہے۔

**4**

**فیس اور چارجز**

موبائل ایپ کے ذریعے بارڈر پار فنڈ ٹرانسفر کی صورت میں بینیفشری کو کوئی فیس یا چارجز ادا نہیں کرنے پڑیں گے۔

**5**

**اجازت کے ساتھ موبائل ایپ کا استعمال**

**5-1**

تمام مواد دستیاب ہےاس ذریعے سےاورطریقے سےجو موبائل ایپ کی بنیاد بناتا ہے (جس کو عمومی طور پر "کانٹینٹ" کہا جاتا ہے) ، جو محیط ہے ، لیکن محدود نہیں ہے ، وہ سوفٹ ویئر جو ہماری ویب سائٹ اور موبائل ایپ کو سپورٹ کرتا ہے یا اس کے فعال ہونے، تصاویر ، ٹیکسٹ ، ترتیب ، پیشکش ، عکاسی ،تصاویر، خاکے ، آڈیو اور ویڈیو ، ایچ ٹی ایم ایل فائلز اور دیگر عناصر ، لوگو اور ٹریڈ مارک کے لئے لازمی ہے ممکنہ طور پر ویب سائٹ اور موبائل ایپ پر مختص ہوں گے ، یہ پوری طرح مائے

زوئی اور/یا اس کے لائسنس ہولڈرز کا اثاثہ ہیں۔ ان عناصر کو کاپی رائٹ اور/یا دیگر متعلقہ قوانین جو دانشورانہ املاک کے حقوق ہیں ان کے ذریعے محفوظ کیا گیا ہے۔

**5-2**

آپ کے لئے ایسے تمام کاموں جیسا کہ نقل ، دوبارہ بنانا، کھرچنا ، اشاعت کرنا ، پبلک کمیونیکیشن ، منتقلی ، بیچنا ، لائسنس دینا ، تقسیم ،اپنانا،ترمیم ، ترجمہ ، الگ کرنا ، ڈی کمپائل ، انجینیئرنگ کی تبدیلی، کوئی کام نکالنا، یا کسی بھی طرح کا ناجائز فائدہ اٹھانا ہماری ویب سائٹ، موبائل ایپ ، کانٹینٹ ، یا اس کے کسی حصے کا یہ بہت ضروری ہے کہ آپ کسی بھی کاپی رائٹ ، ٹریڈ مارک، یا مالکانہ حقوق کو کانٹینٹ ، یا ہماری ویب سائٹ ، یا موبائل ایپ سے مٹانے یا تبدیل کرنے سے گریز کریں۔ مزید یہ کہ ، آپ یہ تمام نوٹسز کانٹینٹ کی تمام مجاز کاپیز پر دوبارہ بنا سکتے ہیں۔ ہماری ویب سائٹ ، موبائل ایپ ، اور یا کانٹینٹ کا بغیر اجازت استعمال ان شرائط کی خلاف ورزی ہے جو ممکنہ طور پر کاپی رائٹ ، ٹریڈ مارک ، اور دیگر متعلقہ قوانین کی خلاف ورزی ہے، اور اس کا نتیجہ قانونی کارروائی ہوسکتا ہے۔,

**5-3**

آپ پر اینٹی کرپشن اور اینٹی برائبری قوانین پر عمل در آمد لازمی ہے۔

**6**

**ذمہ داری اور معاوضہ**

**6-1**

مائے زوئی کسی بھی قسم کی تاخیر، نقصان یا خرابی کا ذمہ دار نہیں ہے جو کسی ایسے حالات کی بنا پر ہوں جو اس کے کنٹرول سے باہر ہیں ، بشمول لیکن محدود نہیں ہے جیسا کہ کوئی ٹیکنیکل خرابی، قدرتی آفت یا قانونی کارروائی ہو۔

**6-2**

بینیفشری اس بات سے اتفاق کرتا ہے کہ مائے زوئی کو کسی بھی قسم کے دعوے ، نقصانات یا ذمہ داری سے دور رکھے گا جو ، بینیفشری کی طرف سے جھوٹی معلومات

کی فراہمی، یا موبائل ایپ کا غیر قانونی استعمال جیسی شرائط کو توڑنے کی صورت میں ظآہر ہوں گے۔

7

**حکومتی قوانین اور ان کا دائرہ کار**

ان شرائط و ضوابط کا مطلب سمجھا ، تشریح کیا اور لاگو کیا جائے گا ، امارات آف دبئی کے قوانین کے مطابق اور (جو اطلاق کی حد ہے امارات آف دبئی میں) متحدہ عرب امارات کے قوانین اور دبئی کی عدالت میں خصوصی دائرہ کار ہوگا اس طرح کے تنازعہ یا دعوی سے نمٹنے کے لئے جو ان شرائط سے تعلق رکھتا ہوگا۔

8

**ترامیم (شرائط وضوابط کی درستگی)**

**8-1**

مائے زوئی یہ حق محفوظ رکھتا ہے کہ کسی بھی وقت ان شرائط کو تبدیل کردے۔ بینیفشری کو کسی بھی تبدیلی سے متعلق اطلاع کردی جائے گی اور موبائل ایپ کا استعمال ان تبدیلیوں کا قبول کیا جانا تصورکیا جائے گا۔

**8-2**

یہ شرائط اور وہ تبدیلیاں جو ان میں کی جائیں گی یہ آپ کو دستیاب ہوں گی https://myzoi.life/ اور ہماری موبائل ایپ پر،ہم اس بات کی بہت زیادہ تاکید

کرتے ہیں تاکہ تازہ ترین شرائط کے لئے آپ مستقل بنیادوں پر ہماری ویب سائٹ یا ہماری موبائل ایپ وزٹ کریں۔یہ شرائظ تمام پرانی گفتگو اور دستاویزات کو جو ہماری موبائل ایپ سے تعلق رکھتی ہیں تبدیل کردیں گی علاوہ جہاں ہم نے آپ کو کوئی مشورہ دیا ہے۔

9

## شرائط وضوابط کی برطرف

**9-1**

کوئی بھی پارٹی ان شرائط کو کسی بھی وقت ، کسی وجہ کے ساتھ یا بغیر کسی وجہ کے، پارٹی کو تحریری نوٹس فراہم کرکے کینسل کرسکتی ہے۔ آپ کسی بھی وقت اپنا اکاونٹ ہماری موبائل ایپ پر فراہم کردہ ای ایڈریس پر تحریری نوٹس بھیج کر بند کرسکتے ہیں۔

**9-2**

کینسل کرنے پر، موبائل ایپ تک آپ کی رسائی فورا ختم کردی جائے گی۔آپ اس سے اتفاق کرتے ہیں کہ موبائل ایپ سے فنڈز کی وصولی فوری طور بند ہوجائے گی اور کوئی بھی رکی ہوئی یا مستقبل کی ٹرانزیکشن کینسل ہوجائے گی۔

**9-3**

مائے زوئی اس بات کا حق محفوظ رکھتا ہے کے اپنی مرضی سے اکاونٹ ختم یا کینسل کردے ، بشمول لیکن محدود نہیں ہے مثلا فراڈ کا اندیشہ ، غلط استعمال ،یا شرائط پر عمل میں کوتاہی ہوجائے۔

**10**

## رابطے کا طریقہ کار

مزید معلومات ، راہ نمائی اور مشکوک ٹرانزیکشن کی شکایات کے لئے ، موبائل ایپ پر فراہم کردہ نمبرز پر رابطہ کریں۔

## 11

**پیغام پہنچانا**

### 11-1

ان شرائط کو قبول کرکے ، اس ذریعے سے اور واضح طورپرآپ ہمیں مجاز قرار دیتے ہیں اور ہمارے ملازمین اور ایجنٹ جو آپ سے رابطہ کریں گے ، اور آپ سے ہدایات لیں گے یا آپ کی اجازت سے (1)جو آپ نے فون نمبر فراہم کیا ہے (2) تحریری طور پر ای میل کے ذریعے اس ای میل ایڈریس پر جو آپ نے ہمیں فراہم کیا ہے ان دستاویزات کے ذریعے جو آپ نے اکاونٹ ، موبائل ایپ یا دیگر کسی ذریعے سے فراہم کی ہیں (3) یا دیگر کوئی ذریعہ اورطریقہ جو وقتا فوقتا ہماری جانب سے وضع کیا گیا ہو۔

### 11-2

ہمارے نمائدے سے بات چیت کرتے ہوئے بذریعہ ٹیلی فون ،آپ اس بات کے لئے رضامند ہیں کہ آپ کی ٹیلی فون کالز کسی بھی اہم وجہ کے تحت ریکارڈ کی جائیں گی۔ یہ رضامندی لاگوکردہ قوانین کے تحت دی جائے گی۔ ان تمام کمیونیکیشن کے ریکارڈ کی دیکھ بھال ہماری ذمہ داری ہے ، ہماری کمیونیکشن کے متن اور مواد کا حتمی اور لازمی ثبوت ہے۔

### 11-3

اپنی رابطے کی معلومات میں تبدیلی کی صورت میں آپ ہمیں فوری طور پر آگاہ کریں گے ، یہ کام آپ موبائل ایپ کے ذریعے کرسکتے ہیں۔